شہباز شریف کی سرکردگی میں جاتی امراء کے ڈاکوؤں اور بھگوڑوں کا آراوز کی تقرریوں کے نوٹیفکیشن کی لاہور ہائیکورٹ سے معطلی پر مچائے جانے والے شور کا معاملہ

14 دسمبر 2023

- پاکستان تحریک انصاف نے "چھچھورا لیگ" کے گماشتوں کے بیانات کو انتخابات میں شکست کا خوف شور میں چھپانے کی ناکام کوشش قرار دے دیا
- الیکشن کمیشن آف پاکستان سے انتخابی شیڈیول کے فی الفور اجرا اور غیر جانبدار عدالتی افسران کی بطور انتخابی عملہ تقرریوں کا مطالبہ کر دیا
- شرم، حیا اور عزتِ نفس سے محروم کٹھ پتلیاں چیری بلاسم کی قیادت میں انتخابات سے فرار کیلئے ماحول ساز گار بنانے نکلی ہیں۔
- عوام کی بھرپور تائید و حمایت سے تحریک انصاف ہر لحاظ سے فیصلہ کن تاریخی اکثریت کی حامل جماعت بننے کے قابل ہو چکی اور عمران خان ملک کے اگلے وزیر اعظم ہوں گے، ان شاءاللہ۔
- ریاستی پناہ میں جمہور کی مرضی کے برعکس دستور، جمہوریت اور انتخاب پر کھلے ڈاکے کی پوری تحریک جاتی امرا سے چلائی جارہی ہے۔
- غیر آئینی، غیر جمہوری، غیر سیاسی اور غیر نمائندہ حکمرانوں کے پیروں میں لوٹ کر قبولیت پانے والے مجرموں کی پیشانیوں پر "بھگوڑوں" کا عنوان قوم اور تاریخ مل کر چسپاں کر چکے ہیں۔
- پچھلے 20 ماہ مجرموں کے چہروں سے جمہوریت و قانون پسندی اور عوام میں قبولیت و مقبولیت کے نقاب نوچ چکے ہیں۔

- ان 20 مہینوں میں یہ انتخاب سے اتنا بھاگے ہیں کہ الیکشنز ان کیلئے ایک خوفناک تصور، ان کی "چھیڑ" بن کر تاریخ دانوں اور سیاسی مزاح نگاروں کے ہاتھ لگ چکی ہے۔
- جاتی امراء میں مائیں آج کل اپنے بہتّر تہتّر سالہ بچوں کو یہ خوف دلوا کر سلاتی ہیں کہ "سو جا بیٹا ورنہ، 8 فروری کو کوئی الیکشنز" کروادے گا۔
- انتظامی افسران کے ہاتھوں انتخاب "دودھ کی رکھوالی با گڑ بِلّوں" کے سپرد کرنے کے مترادف ہے، کسی طور قبول نہیں کریں گے۔
- انتظامی افسران سے یہ محبت اس مکروہ لندن منصوبے کا حصہ ہے جس کے تحت ملک میں دستور، قانون، جمہوریت کی لاشیں بچھا کر خاندانِ غلاماں کیلئے تخت سجایا جارہا ہے۔
- پاکستان تحریک انصاف اور ملک کے 24 کروڑ عوام انتخابات میں ایک روز کی تاخیر بھی گوارا نہیں کریں گے۔
- الیکشن کمیشن انتخابات کے نام پر ملک کو بند کمروں کی کسی نئی سازش کا شکار کرنے کی کوششوں سے باز آئے اور اپنے ذمہ دستوری فرض کو سنجیدگی سے لے۔
- متنازعہ، غیر شفاف اور جھرلو انتخاب ملک و قوم سے دشمنی کے مترادف ہیں، اپنے ووٹ کی حرمت پر کسی طور آنچ نہیں آنے دیں گے۔

---ترجمان پاکستان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ